8226-رمضان میں روزے کی حالت میں جلدی پٹیاں باندھنے کا حکم

سوال

میں سگریٹ نوشی پر بہت ہی حریص ہوں اوردن میں تقریبا بیس سگریٹ پیتا ہوں میراارادہ ہے کہ میں کلی طور پر سگریٹ نوشی سے باز آجاؤں اوراسے ترک کردوں تو بعض دوستوں نے مجھے کہا ہے کہ آپ نیکوٹین کی پٹیاں استعمال کریں جوکہ اس کے لئے بہت ہی مفید ہیں۔
تومیرا سوال ہے کہ کیا میرے لئے یہ ممکن ہے کہ میں رمضان میں روزے کے درمیان یہ نیکوٹین کی پٹیاں استعمال کرلوں جب کہ یہ پٹیاں جلد پر باندھی جاتی ہے اوراس میں ٹیکوٹین جلدی مساموں کے ذریعے جسم میں داخل ہوجاتی ہے اوریہ ایک پٹی چوبیس گھنٹے کے لئے کافی ہے اورصرف سات پٹیوں کے استعمال کی ضرورت ہے۔
اورمیں آپ کویہ بھی بتا دینا چاہتا ہوں کہ مجھے روزے کی حالت میں سگریٹ نوشی کی بالکل ضرورت محسوس نہیں ہوتی لیکن جیسے ہی روزہ افطار کرتا ہوں محسوس کرتا ہوں کہ ہاتھ خودبخود سگریٹ پکڑنے کی کوشش کرتے ہیں میں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ آپ مجھے کوئی نصیحت فرمائیں۔

پسندیدہ جواب

جلد کے چوسنے والی چیزیں روزہ نہیں توڑتیں مثلاتیل اورمرہم اورجلدی علاج کی وہ پٹیاں جن پر کیمیائی مادہ یا دوائی لگی ہوتی ہے مثلاسگریٹ نوشی کا علاج کرنے کے لئے استعمال ہونے والی پٹیاں اورآپ کو یہ نصیحت ہے کہ آپ اپنے جسم کے متعلق اللہ تعالی سے ڈریں اوراسے اس سگریٹ نوشی کے ساتھ نقصان نہ دیں جوکہ شرعی طور پر حرام ہے۔

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

(اوربیشک آپ کے جسم کا بھی آپ پر حق ہے)

اورہم اللہ تعالی سے دعا گوہیں کہ وہ آپ کا اس گندی بیماری کوترک کرنے میں تعاون فرمائے اورہمیں اورآپ کو ہر برائی سے محفوظ رکھے۔

اللہ تبارک وتعالی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمتیں نازل فرمائے۔

واللہ تعالی اعلم.